15/12/2021

پریس اطلاعات بیورو
(اردو یونٹ)
محکمۂ اطلاعات و رابطۂ عامہ، اترپردیش، لکھنؤ

بان ساگر نہر اسکیم کے لیے 2702.23 لاکھ روپئے جی ایس ٹی منظور

لکھنؤ:15 ؍دسمبر 2021

محکمہ آبپاشی و آبی وسائل اترپردیش کے ذریعہ مالیاتی سال 22-2021 میں بان ساگر نہر تحفظ اسکیم کے لیے جی ایس ٹی کی کل 2702.23 لاکھ روپئے اسکیم کے کاموں پر خرچ کیے جانے کے لیے پرنسپل انجینئر اور محکمہ جاتی صدر محکمہ آبپاشی اور آبی وسائل کے تحویل میں دینے کی منظوردی گئی ہے۔

اس سلسلہ میں محکمہ آبپاشی کے اسپیشل سکریٹری جناب مشتاق احمد کی جانب سے 13 دسمبر 2021 کو سرکاری حکم نامہ جاری کرتے ہوئے کہا گیا ہے کہ اس رقم کو ضابطہ کے مطابق رواں مالیاتی سال میں استعمال کرلیا جائے۔اس کے ساتھ تمام مالیاتی ضابطوں پر عمل یقینی بناتے ہوئے کارروائی کی جائے۔منظور رقم کا استعمال منظور کاموں پر ہی کیا جائے۔کسی طرح کی ڈپلی کیسی نہ ہو۔

پرنسپل انجینئر اور محکمہ جاتی صدر؍چیف انجینئر بان ساگر نہر اسکیم فی ماہ خرچ کی جانی والی رقم کا چارٹ حکومت کو مہیا کرائے گے۔اسکے علاوہ چیف انجینئر اور محکمہ جاتی صدر قبل میں جاری حکم ناموں پر شرائط پر عمل یقینی بنائیں گے۔اسکیم کے لیے جاری کی گئی رقم میں سے سینٹیج چارجیز نیز لیبر سیس ضابطہ کے مطابق جمع کیا جائے۔

☆☆☆☆☆